# کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھانے لگے تو اسے "بسم اللہ" کہنا چاہیے اور اگر شروع میں کہنا بھول جائے تو یہ کہے

« بِسْمِ اللَّهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ » "اللہ کے نام کے ساتھ (کھانا) شروع کرتا ہوں اس کے شروع اور اس کے آخر میں" (ابوداود و ترمذی)

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ جسے اللہ تعالی کھانا کھلائے اسے کہنا چاہئے

«اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ»

"الہی' ہمارے لئے اس کھانے میں برکت فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا"

اور جسے اللہ تعالی دودھ پلائے اسے کہنا چاہیے

«اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَزِدْنَا مِنْهُ»

"الہی' اس میں ہمارے لئے برکت فرما اور ہمیں اس سے زیادہ عطا فرما"

(ترمذی)